اسلام آباد پولیس کی پرانی گاڑیوں کا شاندار نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اسلام آباد پولیس کی کی ایک عدد ہینو بس (Hino Bus Prisoner Van) ،چار عدد ٹیوٹا پک اپ سنگل کیبن(TOYOTA Pickup Single Cabin)اور دو عدد اسوزو مزدا ٹرک(Isuzu Mazda Trucks) " جہاں ہیں جیسے ہیں"کی بنیاد پر بروز بدھ مورخہ 15مارچ 2023 کو نیلام عام کیا جائے گا۔ نیلامی کے مقام کے بارے مین رجسٹرڈ شدہ بولی دہندگان کو بعد میں مطلع کیا جائے گا۔

خواہش مند حضرات مورخہ 04مارچ 2023تا 14مارچ 2023تک صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک مذکورہ گاڑیوں کا بمقام پولیس لائن ہیڈ کواٹر، سیکٹر H-11،اسلام آباد معائنہ کر سکتے ہیں۔ گاڑیوں کا معائنہ کرنے کے لئے اصل شناختی کارڈ کا ہونا لازمی ہے۔ نیلام عام میں صرف رجسٹرڈ افراد ہی حصہ لے سکیں گے۔

شرائط نیلامی:

ا۔	نیلامی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات مورخہ 4مارچ 2023تا 14مارچ 2023تک پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ مالیتی Rs.100,000 بحق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، لاجسٹکس اینڈ ہیڈ کواٹر، سیکٹر H-11،اسلام آباد بطور ٹوکن/ رجسٹریشن فیس (قابل واپسی) دفتری اوقات میں جمع کروا کر رجسٹریشن حاصل کریں۔ رجسٹریشن فارم زیر دستخطی کے دفتر سے حاصل کر کے پر کرنے کے بعد مورخہ 14مارچ 2023تک اسی دفتر میں جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ رجسٹریشن نمبر کے ساتھ سیکورٹی پاس بھی جاری کیا جائے گا۔
۲۔	خواہش مند حضرات پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ مالیتی Rs.100,000 بمعہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور موبائل نمبر بذریعہ ڈاک/ کوریئر مورخہ 14مارچ 2023 تک دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ،لاجسٹکس اینڈ ہیڈ کواٹر ،سیکٹر H-11،اسلام آباد ارسال کر سکتے ہیں۔ بذریعہ ڈاک/ کوریئر، پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ بھجوانے والے حضرات کو رجسٹریشن نمبر اور سیکیورٹی پاس مورخہ 14مارچ 2023 کو دوپہر 12 بجے تک زیر دستخطی کے دفتر پولیس لائنز ہیڈ کواٹر، سیکٹر H-11،اسلام آباد سے حاصل کرنا ہو گا۔
۳۔	صرف ٹوکن منی/ رجسٹریشن فیس جمع کروانے والے حضرات یا ان کے بااختیار نمائندگان ہی نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔
۴۔	بوقت نیلامی رجسٹریشن نمبر وسیکورٹی پاس اور اصل شناختی کارڈ بولی دہندہ کے پاس ہونا لازمی ہے۔ بصورت دیگر وہ نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہو گا۔ رجسٹرڈ افراد کے ساتھ زیادہ سے زیادہ صرف ایک فرد کے آنے کی اجازت ہو گی۔
۵۔	نیلامی موقع پر موجود افراد کی موجودگی میں کھلی بولی کے ذریعے 15مارچ 2023، صبح 10 بجے شروع ہو گی۔ کسی بھی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی کا انعقاد نہ ہونے یا ملتوی ہونے کی صورت میں متبادل تاریخ کا اعلان کروایا جائے گا۔
۶۔	تمام گاڑیوں کی نیلامی فی گاڑی کے حساب سے کی جائے گی۔
۷۔	کامیاب بولی دہندہ زر نیلامی کا ۲۵ فیصد حصہ (نا قابل واپسی) موقع پر نیلام کنندہ کو ادا کرے گا۔ جبکہ باقی رقم اندر سات یوم کے اندر ایس پی ہیڈ کواٹر آفس، اسلام آباد میں جمع کروانا ہو گی۔ عدم ادائیگی صورت میں ادا کردہ ۲۵ فیصد رقم زر نیلامی اور ٹوکن فیس/ رجسٹریشن فیس ضبط کر لی جائے گی۔
۸۔	محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں گاڑیوں کے کاغذات کی منتقلی کی تمام تر ذمہ داری بولی دہندہ پر ہو گی۔ خریدی گئی گاڑی کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی پوری رقم اور ٹیکسز کی ادائیگی کرنے اور اپنے نام ٹرانسفر کروانے کے بعد حوالے کی جائے گی۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی تاریخ سے ۴۵ یوم کے اندر مکمل ادائیگی اور اپنے نام ٹرانسفر کروانے کے بعد گاڑی پولیس لائن ہیڈ کواٹر سے منتقل ہو گی۔

۹۔	جن رجسٹرڈ حضرات نے نیلامی میں کوئی گاڑی نہ خریدی ہو وہ اپنا پے آرڈر /ڈیمانڈ ڈرافٹ موقع پر ہی بعد از نیلامی وصول کر سکتے ہیں۔ یامورخہ 20مارچ 2023تک دفتری اوقات میں دفتر ایس ایس پی، ہیڈ کواٹر اینڈ لاجسٹکس آفس، پولیس لائن ہیڈ کواٹر، اسلام آباد سے وصول کر سکتے ہیں۔ بصورت دیگر پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔
۱۰۔	بعد ازاں نیلامی نیلام شدہ گاڑیوں کے ضروری دستاویزات اور ٹوکن ٹیکسز وغیرہ کی ادائیگی بذمہ کامیاب بولی دہندہ ہو گی۔
۱۱۔	کامیاب بولی دہندہ کو Withholding Tax اور دیگر مروجہ قوانین کے مطابق ادا کرنا ہو گی۔
۱۲۔	کسی بھی قسم کے سوالات کی صورت میں دفتر زیر دستخطی سے بذریعہ ٹیلی فون نمبر ز 051-9258371(Ext:140)، مورخہ 14مارچ 2023 تک دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
۱۳۔	نیلامی کمیٹی کوئی وجہ بتائے بغیر ایک یا تمام گاڑیوں کی بولی کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس

لاجسٹکس اینڈ ہیڈ کواٹرز

(پولیس لائن ہیڈ کواٹر، سیکٹر H-11، اسلام آباد)

051-9258371 (Ext:140)